© rasailojaraid.com



| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | ازواج مطہرات، حیات و خدمات<br>(غیر مسلم حلقوں کے اعتراضات، شبہات اور ان کا جواب) |
| صفحات | : | ۲۰۰ |
| مصنف | : | ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری |
| ملنے کا پتہ | : | دارالاشاعت اردو بازار ایم اے جناح روڈ، کراچی۔ |

سیّد دو عالم ﷺ کی ازواج مطہرات امہات المومنین ہیں۔ ان میں سے ہر ایک نیکی اور تقوی کا روشن مینار ہے۔ علوم نبویؐ کی ترویج و اشاعت ، تبلیغ دین اور تدوین قرآن و سنت میں ان کی خدمات اسلامی تاریخ کا روشن باب ہیں۔

بعض مستشرقین نے سرکار علیہ الصلاۃ والسلام کی تعدد ازواج پر قلم اٹھایا اور ان کا تعصب زہرناک صورت میں نوکِ قلم پر آگیا۔ اور سرکار علیہ الصلوۃ والسلام کی پاکیزہ زندگی پر طعن کے ناپاک حملے کیے۔ ہمارے بے شمار سیرت نگاروں نے اس کے مدلل اور مبسوط جوابات دیئے۔ زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ مولف نے امہات المومنین کے مختصر حالات زندگی کے ساتھ ساتھ عقد رسالت مآب ﷺ کے وجوہ و اسباب بھی بیان فرمائے۔ مزید برآں مستشرقین کے اعتراضات کے جوابات دینے کی بھی کامیاب کوشش کی ہے۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com